قدوائی انگلش اسکول

نظم 1: حمد چھٹویں جماعت

I۔ نظم لکھیے:۔

اےشہنشاہ! جاہ و حشمت کے — کون گن گائے تیری عظمت کے
رب ہے تو سب کا لا شریک ہے تو — سب گواہ ہیں تیری ہی وحدت کے
قطرے قطرے میں ذرّے ذرّے میں — لاکھوں جلوے ہیں تیری حکمت کے
آگ کو تو نے کر دیا گلزار — یہ کرشمے ہیں تیری قدرت کے
دست بستہ ہیں سب نرالے کے — تو ہی لائق ہے ہر عبادت کے
تو ہی رحمٰن اور رحیم و کریم — دغدغے کس لئے قیامت کے
تیرے دامن میں آسرا دے دے — ہم ہیں مارے ہوئے مصیبت کے
در پہ تیرے ہے، ملتجی اصغر — کھول در اس پر تیری رحمت کے

II۔ الفاظ و معنی:۔

۱۔ جاہ وحشمت: شان وشوکت۔ ۲۔ گن: صفت، عادت۔ ۳۔ عظمت: بزرگی، بڑائی۔
۴۔ حکمت: دانائی، عقل، تدبیر۔ ۵۔ گلزار: پھلواری، باغ۔ ۶۔ کرشمے: انوکھی باتیں، کرامتیں۔
۶۔ دست بستہ: ہاتھ باندھ کر، ہاتھ جوڑ کر، منت کر کے۔ ۷۔ رحمٰن: مہربانی کرنے والا، خداوندِ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
۸۔ رحیم: مہربان، خداوندِ تعالیٰ کا صفاتی نام۔ ۹۔ کریم: بخشنے والا، سخی، فیاض، خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔
۱۰۔ دغدغے: خوف، خدشے، کھٹکے۔ ۱۱۔ مارے ہوئے: دروازہ، چوکھٹ۔
۱۲۔ ملتجی: التجا کرنے والا/والی۔

III۔ محاورے:۔

۱۔ گن گانا: تعریف کرنا۔ ۲۔ گواہی دینا: اظہار کرنا۔ ۳۔ مصیبت کا مارا ہونا: تباہ ہوجانا۔
۴۔ قیام برپا کرنا: اودھم مچانا۔

IV۔ ذو معنی الفاظ:۔

۱۔ گائے: ایک جانور۔ گائے: گانے گانا۔
۲۔ دیا: چراغ۔ دیا: کچھ دے دینا۔
۳۔ دست: ہاتھ دست: اسہال۔

Scanned with CamScanner

۴۔ در: اندر		در: اندر۔

۵۔ مار: سانپ		مار: چوٹ۔

V۔ ان الفاظ کے اضداد لکھو:۔

۱۔ پھول = کانٹا۔		۲۔ سنورنا = بگڑنا۔		۳۔ عزت = ذلت۔

۴۔ عالم = جاہل۔		۵۔ باغ = صحرا۔		۶۔ ظلمت = نور۔

۷۔ غم = خوشی۔		۸۔ اندھیرا = اجالا۔		۹۔ خار = گل

VI۔ واحد و جمع:۔

۱۔ محفل + محفلیں۔		۲۔ حرف + حروف۔		۳۔ استاد + اساتذہ۔

۴۔ منظر + مناظر۔		۵۔ سجدہ + سجود۔		۶۔ لفظ + الفاظ۔

۷۔ غریب + غرباء۔		۸۔ سبق + اسباق۔		۹۔ کتاب + کتب۔

۱۰۔ علم + علوم۔		۱۱۔ مدرسہ + مدارس۔

VII۔ مصرعوں کو صحیح ترتیب سے لکھئے:۔

۱۔ تیری عظمت کے گن کون گائے

ج۔ کون گن گائے تیری عظمت کے۔

۲۔ تو کر دیا گلزار کو آگ

ج۔ آگ کو تو کر دیا گلزار۔

۳۔ آسرا میں تیرے دامن دے دنے

ج۔ تیرے دامن میں آسرا دے دے۔

۴۔ ہر عبادت لائق ہے تو ہی کے

ج۔ تو ہی لائق ہے عبادت کے۔

۵۔ ہیں تیری قدرت کے یہ کرشمے

ج۔ یہ کرشمے ہیں تیری قدرت کے۔

VIII۔ ان الفاظ کے جنس پہچان کر فہرست بنائیے:

۱۔ خار: مذکر۔		۲۔ عقل: مونث۔		۳۔ گمراہی: مونث۔		۴۔ علم: مونث۔

۵۔ بلندی: مونث۔		۶۔ صحرا: مذکر۔		۷۔ عزت: مونث۔		۸۔ غم: مذکر۔

۹۔ نور: مذکر۔		۱۰۔ گل: مذکر۔

IX۔ خط کشیدہ الفاظ کا املا درست کیجئے:

۱۔ اے شہنشاہ! جاہ وشمت کے

ج۔ اے شہنشاہ! جاہ وحشمت کے۔

۲۔ خطرے خطرے میں زرّے زرّے میں

ج۔ قطرے قطرے میں ذرّے ذرّے میں۔

۳۔سب گواح ہیں تیری ہی وہدت کے

ج۔سب گواہ ہیں تیری ہی وحدت کے۔

۴۔تو ہی لائق ہے ہرابادت کے

ج۔تو ہی لائق ہے ہر عبادت کے۔

۵۔کھول دراس پر تیری رحمط کے

ج۔کھول دراس پر تیری رحمت کے۔

X۔ان اشعار کو مکمل کیجئے:۔

۱۔رب ہے تو سب کا لا شریک ہے تو — سب گواہ ہیں تیری ہی وحدت کے

۲۔آگ کو تو نے کر دیا گلزار — یہ کرشمے ہیں تیری قدرت کے

۳۔تو ہی رحمٰن اور رحیم و کریم — دغدغے کس لئے قیامت کے

۴۔در پہ تیرے ہے، ملتجی اصغر — کھول در اس پر تیری رحمت کے

XI۔ان سوالوں کے جواب لکھئے:۔

۱۔اللہ تعالیٰ کو شاعر نے حمد میں کس طرح مخاطب کیا ہے؟

ج۔اللہ تعالیٰ کو شاعر نے حمد میں اے شہنشاہ! جاہ و حشمت کہہ کر مخاطب کیا ہے۔

۲۔اللہ تعالیٰ کی ذات کہاں کہاں موجد ہے؟

ج۔اللہ تعالیٰ کی ذات قطرے قطرے اور ذرّے ذرّے میں موجد ہے۔

۳۔حمد میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کن صفات کا ذکر کیا ہے؟

ج۔حمد میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی رحمٰن، رحیم وکریم صفات کا ذکر کیا ہے۔

۴۔آخری دو اشعار میں شاعر نے کیا التجا کی ہے؟

ج۔آخری دو اشعار میں شاعر نے یہ التجا کی ہے کہ ہم مصیبت کے مارے ہوئے ہیں تیرے دامن میں آسرا چاہئے اور ہمارے لئے رحمت کا در کھول دے۔

۵۔تو ہی رحمٰن اور رحیم وکریم — دغدغے کس لئے قیامت کے — اس شعر کا مطلب کیا ہے؟

ج۔اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ تو ہی مہربانی کرنے والا رحیم کرنے والا، بخشنے والا، کیوں سب کے دلوں میں قیامت کا خوف بھرا ہے۔

XII۔ان سوالوں کے چار جملوں میں جواب لکھئے:

۱۔حمد میں بیان کردہ اللہ کی صفات کے علاوہ دوسری صفات بیان کیجئے؟

ج۔حمد میں بیان کررہ اللہ کی صفات کے علاوہ دوسری صفات یہ ہے ہیں تو ہی غفور الرحیم اور ستار ہے تو ہی جبار ہے اور تو ہی لطیف ہے۔ تو ہی قادر اور تو ہی الجلال وکریم ہے تو ہی رب العالمین ہے اور سب کا مالک ہے۔

Scanned with CamScanner

۲۔حمد کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے؟

ج۔اس حمد میں شاعر اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اے شہنشاہ اے شان وشوکت والا تیری عظمت کے گن گاتے ہیں تو ہی رب العالمین ہے تیری وحدت کی گواہی سب دیتے ہیں۔ ذرّے ذرّے میں قطرے قطرے میں تیری نشانیاں موجود ہیں۔آگ کو تو نے گلزار بنا دیا۔ہم سب ہاتھ جوڑ کر تیری ہی عبادت کرتے ہیں تو رحمت رحیم و کریم ہے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@

سبق:1 خاتونِ جنّت حضرت بی بی فاطمہؓ چھٹویں جماعت

ا۔ان الفاظ کے معنی لکھئے:۔

ا۔سرور:سردار۔ ۲۔کائنات:دنیا۔ ۳۔صاحب زادی:بیٹی۔ ۴۔متین:سنجیدہ۔

۵۔ذہانت:عقل مند۔ ۶۔فطانت:عقل مندی۔ ۷۔نمور:نشان۔ ۸۔بے نیاز:پرواہ نہ کرنے والا۔

۹۔غلّہ:اناج۔ ۱۰۔گٹّے:نشان۔ ۱۱۔فاقے:بھوکا رہنا۔ ۱۲۔شرف:عزت۔

II۔ان الفاظ کے واحد وجمع لکھئے:۔

ا۔خاتون+خواتین۔ ۲۔عالم+علماء۔ ۳۔ذاکر+ذاکرین۔ ۴۔شاکر+شاکرین۔

۵۔صاحب+اصحاب۔ ۶۔صحابیہ+صحابیات۔ ۷۔فقیر+فقراء۔ ۸۔قانون+قوانین۔

۹۔لقب+لقوب۔ ۱۰۔قلب+قلوب۔ ۱۱۔ذکیہ+ذکیا۔ ۱۲۔ذکر+اذکار۔

۱۳۔حضرت+حضرات۔ ۱۴۔مومنہ+مومنات۔

III۔مذکر اور مونث پہچان کر لکھو:۔

ا۔لفظ:مذکر۔ ۲۔نام:مذکر۔ ۳۔کائنات:مونث۔ ۴۔قلب:مذکر۔

۵۔فقرہ:مذکر۔ ۶۔لقب:مذکر۔ ۷۔قلم:مذکر۔ ۸۔کتاب:مذکر۔

۹۔ذکر:مذکر۔ ۱۰۔فکر:مونث۔ ۱۱۔اشارہ:مذکر۔

IV۔خانہ پری کیجئے:۔

ا۔حضرت بی بی فاطمہؓ بڑی نیک خاتون تھیں۔ ۲۔حضرت بی بی فاطمہؓ کی والدہ کا نام خدیجۃ الکبریٰؓ ہے۔

۳۔حضرت بی بی فاطمہؓ نے دولت کی کبھی خواہش نہیں کی۔ ۴۔حضورﷺ چھادر بچھا کر آپؓ کو بیٹھا دیتے تھے۔

۵۔حضورﷺ کا اشارہ ہے کہ بی بی فاطمہؓ دنیا کی بہترین عورت ہے۔

۶۔حضرت بی بی فاطمہؓ گھر کے کاموں کے علاوہ عبادت بھی کثرت سے کرتی تھی۔

Scanned with CamScanner

V۔ان الفاظ کے مرکبات بنائیے:۔

۱۔قرض + دار = قرض دار۔ ۲۔دکان + دار = دکان دار۔ ۳۔مال + دار = مال دار۔

۴۔دیانت + دار = دیانت دار۔ ۵۔حق + دار = حق دار۔ ۶۔عزت + دار = عزت دار۔

۷۔ایمان + دار = ایمان دار۔

VI۔ان الفاظ کے اضداد لکھئے:۔

۱۔انکار = اقرار۔ ۲۔امیر = غریب۔ ۳۔مشہور = گمنام۔ ۴۔زوال = عروج۔

۵۔مونث = مذکر۔ ۶۔کامیابی = ناکامی۔ ۷۔آقا = غلام۔ ۸۔کثرت = قلت۔

۹۔اکثریت = اقلیت۔

VII۔ان سوالوں کے جواب لکھو:۔

۱۔حضرت محمد ﷺ کی سب سے چھوٹی صاحب زادی کون ہیں؟

ج۔حضرت محمد ﷺ کی سب سے چھوٹی صاحب زادی حضرت بی بی فاطمہؓ ہیں۔

۲۔حضرت بی بی فاطمہؓ کے مشہور القاب کون کونسے ہیں؟

ج۔حضرت بی بی فاطمہؓ کے مشہور القاب زہرہ، بتول، طاہرہ، ذکیہ وغیرہ ہیں۔

۳۔حضرت بی بی فاطمہؓ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج۔حضرت بی بی فاطمہؓ کا نکاح حضرت علیؓ سے ہوا۔

۴۔حضرت بی بی فاطمہؓ کے بیٹوں کے نام کیا ہیں؟

ج۔حضرت بی بی فاطمہؓ کے بیٹوں کے نام یہ ہیں ۱۔حضرت امام حسنؓ ۲۔حضرت امام حسینؓ۔

VIII۔ان سوالوں کے تین یا چار جملوں میں لکھئے:۔

۱۔حضرت بی بی فاطمہؓ گھر کے کون کونسے کام انجام دیتی تھیں؟

۱۔حضرت بی بی فاطمہؓ گھر کے کام جیسے کھانا پکاتیں، برتن صاف کرتیں، غلہ صاف کرتیں جھاڑو دیتیں اور اپنے ہاتھوں سے چکی سے آٹا پیستیں وغیرہ کام انجام دیتی ہیں۔

۲۔حضرت بی بی فاطمہؓ کی زندگی کس طرح بسر ہوئی؟

ج۔حضرت بی بی فاطمہؓ کی زندگی بڑی تکلیف سے بسر ہوئی تھی لیکن انہوں نے دولت کی کبھی خواہش نہیں کی۔ کھانا ہوتا تو فاقہ کرلیتیں۔ لیکن کسی کو بھی معلوم نہ ہوتا کہ آج حضور ﷺ کی بیٹی کے گھر فاقہ ہے۔

۳۔حضرت بی بی فاطمہؓ عرب کی عورتوں کو کیا تعلیم دیتی تھیں؟

Scanned with CamScanner

ج۔ حضرت بی بی فاطمہؓ عرب کی عورتوں کو ایماندار خدمت گزاری اور محبت کی تعلیم دیتیں۔ آپ ﷺ کے ایثار اور قربانی نے لوگوں کے دلوں کو مدہ کیا تھا۔

۴۔ حضرت بی بی فاطمہؓ کو خاتون جنت کیوں کہا جاتا ہے؟

ج۔ عرب کی عورتیں مصیبت کے وقت آپ ﷺ نے مدد مانگتیں اور صلاح لیتیں۔ آپ ﷺ کبھی مایوس نہ کرتیں۔ آپ ﷺ کی ذہنی خوبیوں کی وجہ سے آپ ﷺ کو خاتون جنت ہونے شرف حاصل ہے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@

نظم: 2 اردو زباں ہماری

چھٹویں جماعت

ا۔ نظم لکھئے:۔

ساری زباں ہماری اردو زباں ہماری
پھولوں کی انجمن سی تاروں بھریں گگن سی
ہے آبشار جیسی بجتے ستار جیسی
الفاظ میں روانی دریا کا جیسے پانی
خوشبو کی کان ہے یہ میٹھی زبان ہے یہ
ہیں حرف حرف ایسے تتلی کے رنگ جیسے
کوئل جو کوکتی ہے اردو ہی بولتی ہے
لیڈر ہوں، ڈاکٹر ہوں بچوں کے ماسٹر ہوں
سب کی سماعتوں پر جھڑتی ہے پھول بن کر
ساری زباں ہماری اردو زباں ہماری

II۔ الفاظ و معنی لکھئے:۔

ا۔ انجمن: محفل۔ ۲۔ گگن: آسمان۔ ۳۔ آبشار: جھرنا۔ ۴۔ ستار: موسیقی کا ایک آلہ جس میں تین تار ہوتے ہیں۔

۵۔ روانی: بہاؤ۔ ۶۔ کان: معدن۔ ۷۔ سماعتوں: سننے کی طاقت۔

III۔ واحد وجمع لکھئے:۔

ا۔ زبان + زبانیں۔ ۲۔ تتلی + تتلیاں۔ ۳۔ کان + کانیں۔ ۴۔ انجمن + انجمنیں۔

۵۔ سماعت + سماعتوں۔ ۶۔ آسمان + آسمانیں۔

Scanned with CamScanner

IV۔ جوڑ لگا کر لکھو:۔

۱۔ پھولوں کی انجمن سی = تاروں بھری گگن سی
۲۔ سب کی سماعتوں پر = جھڑتی ہے پھول بن کر
۳۔ ہیں حرف حرف ایسے = تتلی کے رنگ جیسے
۴۔ الفاظ میں روانی = دریا کا جیسے پانی
۵۔ خوشبو کی کان ہے یہ = میٹھی زباں ہماری

V۔ ان الفاظ کے مزکر و مونث لکھئے:۔

۱۔ دریا: مذکر۔ ۲۔ پھول: مذکر۔ ۳۔ گگن: مذکر۔ ۴۔ زبان: مونث۔
۵۔ انجمن: مونث۔ ۶۔ حرف: مذکر۔ ۷۔ کوئل: مونث۔ ۸۔ جادو: مذکر۔
۹۔ سماعت: مونث۔ ۱۰۔ ستار: مذکر۔

VI۔ ان الفاظ کو جملوں میں لکھئے:۔

۱۔ انجمن: قدوائی انگلش اسکول ایک انجمن ہے۔ ۲۔ خوشبو: پھولوں میں بہت خوشبو آتی ہے۔
۳۔ آبشار: جوگ فالس میں پانی کے چار آبشار ہیں۔ ۴۔ گگن: گگن میں رات کو تارے چمکتے ہیں۔

VII۔ قوسین میں دیے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ چن کر خانہ پری کیجئے:۔

(زبان، انجمن، ستار، گگن، رنگ)

۱۔ تتلی کے رنگ جیسے۔ ۲۔ میٹھی زبان ہے یہ۔
۳۔ بجتے ستار جیسی۔ ۴۔ تاروں بھری گگن۔
۵۔ الفاظ میں روانی۔ ۶۔ پھولوں کی انجمن سی۔

VIII۔ مثال کے مطابق دیئے گئے الفاظ سے تعلق رکھنے والے زیادہ الفاظ بنائے:۔

۱۔ جانور: شیر، ریچھ، باگ، ہاتھی، سانپ، بلی، خرگوش، کتا۔
۲۔ پھول: چمپا، گلاب، کمل، چمیلی، موگرا۔
۳۔ پرندہ: چڑیا، طوطا، مور، مرغی، مینہ، چیل، کبوتر۔
۴۔ زبان: اردو، ہندی، انگریزی، کنڑا، عربی، مراٹھی، فارسی۔
۵۔ رنگ: لال، ہرا، پیلا، کالا، گلابی۔

IX۔ ان سوالوں کے جواب لکھئے:۔

Scanned with CamScanner

۱۔ساری زبانوں سے پیاری کونسی زبان ہے؟
ج۔ساری زبانوں سے پیاری اردو زبان ہے۔
۲۔اردو زبان کی روانی کیسی ہے؟
ج۔اردو زبان کی روانی دریا کا پانی جیسی ہے۔
۳۔اردو کے حروف کیسی ہیں؟
ج۔اردو کے حروف تتلی کے رنگ جیسے ہیں۔
۴۔کون کون اردو بول کر جادو جگاتے ہیں؟
ج۔لیڈر، ڈاکٹر، اور ماسٹر اردو بول کر جادو جگاتے ہیں۔
۵۔سننے والوں کے کان پر اردو کا کیا اثر ہوتا ہے؟
ج۔سننے والوں کے کان پر اردو کا یہ اثر ہوتا ہے کہ اردو زبان سب کی سماعتوں پر پھول بن کر جھڑتی ہے۔

X۔ان سوالوں کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے:۔

۱۔شاعر نے اردو زبان کو کن کن ناموں سے یاد کیا ہے؟
ج۔شاعر نے اردو زبان کو پھولوں کی انجمن، تاروں بھری گگن، ابشار ستار وغیرہ ناموں سے یاد کیا ہے۔
۲۔اردو زبان کی خوبیاں بیان کیجئے؟
ج۔اردو زبان عالم گیر شہریت حاصل ہے دنیا میں بولی بھی پڑھی اور جانے والی زبانوں میں اردو کبھی دوسرے تو کبھی تیسرے مقام پر اپنی جگہ بنانے میں کامیاب رہی ہے۔اردو میں موجدہ بنی لطافت دلکش حسن وخوبصورت اور لچک اس زبان کی مقبولیت کا باعث ہے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

سبق:2 ودھان سودھا چھٹویں جماعت

I۔ان الفاظ کے معنی لکھو۔

۱۔متاثر: اثر قبول کرنا۔ ۲۔تمدن: مل جل کر رہنے کا طریقہ۔
۳۔مربع: جس کا طول اور عرض برابر ہو۔ ۴۔قطر: خط مستقیم جو دائرے کے مرکز سے گزرتا ہوا دونوں طرف محیط تک چلا یا جائے۔
۵۔معمار: عمارت بنانے والا۔ ۶۔مرمت: درستی۔

II۔ان الفاظ کے واحد وجمع لکھئے:۔

۱۔تصور + تصورات۔ ۲۔دفتر + دفاتر۔ ۳۔وزیر + وزراء۔ ۴۔ملک + ممالک۔
۵۔وقت + اوقات۔ ۶۔تصویر + تصاویر۔ ۷۔امیر + امراء۔ 8۔منزل + منازل۔
۹۔عمارت + عمارتیں۔

III۔ان الفاظ کے اضداد لکھئے:۔

۱۔شب = رات۔ ۲۔شاہ = گدا۔ ۳۔اول = آخر۔ ۴۔جدید = قدیم۔

Scanned with CamScanner